تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

16-اگست،2019ء

پریس ریلیز

پاک بھارت جنگ اب نظریات کی جنگ ہے (حافظ عاکف سعید)

لاہور (پ ر) پاک بھارت جنگ اب نظریات کی جنگ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے مقبوضہ کشمیر میں بھارت کی ریاستی دہشت گردی اور درندگی کی پُرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ دیگر مسلمان ممالک انتہائی بے حسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس معاملے میں مکمل طور پر خاموش ہیں اور کسی مسلم ملک نے تاحال کشمیریوں پر بھارتی ظلم وستم کے خلاف آواز تک اُٹھانا گوارا نہیں کیا۔ غنیمت ہے کہ پاکستان کی زبردست سفارتی کوششوں اور بین الاقوامی سطح پر آواز اُٹھانے کی بدولت دنیا کی توجہ مسئلہ کشمیر کی طرف دوبارہ مرکوز ہوئی ہے اور بھارتی ظلم وستم کے خلاف نہ صرف دنیا کے مختلف کونوں میں آواز بلند ہو رہی ہی بلکہ خود بھارت میں مودی کے اس احمقانہ قدم پر زبردست تنقید ہو رہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اگرچہ ہم اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل سے یہ اُمید نہیں رکھتے کہ وہ بھارت کو کشمیریوں پر ظلم کرنے اور اُن کی آزادی کی جدوجہد کو کچلنے سے روکے گی تاہم وزیراعظم پاکستان کی اس بات سے متفق ہیں کہ انتہا پسند بھارت، آر ایس ایس کے انتہا پسندانہ ہندو نظریے پر عمل پیرا ہے۔ اس تناظر میں ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان اپنی نظریاتی اساس کو مضبوط کرتے ہوئے ملک خداداد پاکستان میں اللہ کی حاکمیت کو بالفعل قائم وغالب کرے اور اسے حقیقی معنوں میں ریاست مدینہ کا نمونہ بنا دیا جائے۔ نظریہ پاکستان خداداد نظریہ ہے اور انسانی فطرت کے عین مطابق ہے ہمارا فرض ہے کہ ہم اس مبنی برحق نظریے کو دنیا میں عام کریں یہ تمام باطل نظریات کو شکستِ فاش دے گا۔ خاص طور پر آر ایس ایس کا نظریہ جو ظلم وستم اور ناانصافی کی بنیاد پر ہے کسی صورت مقابلے میں ٹھہر نہیں سکے گا اور اُسے شکستِ فاش ہوگی ان شاءاللہ۔ لیکن شرط یہ ہے کہ ہم اپنے نظریے کی عملی تصویر بنیں۔

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

جاری کردہ

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: 16 Aug 2019

"The war between Pakistan and India is now a battle of Ideologies."

(Hafiz Aakif Saeed)

Lahore (PR): "The war between Pakistan and India is now a battle of Ideologies."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer, while vehemently condemning the state-terrorism and inhumane oppression being perpetrated by India in Occupied Kashmir, noted that it is a matter of great shame that other Muslim countries have displayed colossal indifference (towards Kashmiri Muslims) by being totally silent on the issue and no Muslim country has raised even the slightest voice of concern, to date, on the cruelty and brutality being unleashed by India on the Kashmiri Muslims. He added that at least the pronounced diplomatic efforts made by Pakistan and voicing of great concern at the international level has turned the attention of the world towards Indian Occupied Kashmir and consequently not only are voices against the Indian cruelty and oppression in Occupied Kashmir being raised in many parts of the world but the imprudent and irresponsible actions of Modi are being vigorously condemned in India itself. The Ameer remarked that although we do not expect from the Security Council of the United Nations to play any role in preventing India from brutally oppressing Kashmiris or stopping India from forcefully suppressing the struggle for freedom of the people of Occupied Kashmir, yet we do agree with the stance of the Prime Minister of Pakistan that extremist India is now religiously following the extremism-driven Hindu ideology of *RashtriyaSwayamsevakSangh*(RSS).

The Ameer said that, given the context, it is necessary for Pakistan to strengthen its ideological basis by practically implementing and making dominant the Absolute Sovereignty of Allah *(SWT)* in our God-Given country and mould it into a true reflection of *Riyasat-e-Madinah* in letter and spirit. The ideology of Pakistan is a God-Given ideology and it is totally in sync with human nature at all levels. It is our obligation to spread and proliferate that ideology, which is based on The Truth, in the entire world, so that all rival false ideologies could be emphatically defeated. In particular, the RSS Hindu ideology that is based on cruelty, brutality and Universal Injustice would have no chance of standing in defiance and would be totally annihilated. *InshaAllah!* The Ameer concluded by asserting that the imperative precondition for all of that to happen is that we must become a practical and tangible model of our ideology ourselves.

Issued by
Ayub Baig Mirza
MarkaziNazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan